سبق 8:

# بڑے اور چھوٹے عددوں کی پہچان



جنگل کا بادشاہ شیر اپنے دربار میں اپنے درباریوں کے ساتھ بیٹھا تھا۔ اچانک گیدڑ آکر بادشاہ سے بولا۔ حضور والا۔ بندرگاہ میں دو جہاز آکر لگے ہیں ۔ جہاز میں ہمارے لیے چاول، چینی، مکا، گوشت، دال اور ساگ سبزی موجود ہے ۔ آپ حکم دیں تو ہم سامان اس سے اتارلیں۔ بادشاہ اس کی بات سن کر بولا۔ ہاں تم چاول چینی وغیرہ آتارتے وقت دیکھنا کہ جہاز میں جو سامان زیادہ ہے اس کو پہلے اتار کر بڑے گودام میں رکھنا اور دیگر سامان کو چھوٹے گودام میں رکھنا۔ جو سامان سب سے پہلے اتارے گا اس کی ذمہ داری بندر کو دی جاتی ہے۔ گدھا، ہاتھی، گھوڑوں کو سامان ڈھونے کی ذمہ داری دی جاتی ہے۔ بندر فوراً اپنے کام میں لگ گیا۔

| پہلا جہاز ← |
| --- |
| چاول......1234 بستہ |
| مکا......4230 بستہ |
| چینی......5555 بستہ |
| گوشت......2239 ڈبہ |
| دال......7289 بستہ |
| ساگ سبزی......9876 ٹوکری |

| دوسرا جہاز ← |
| --- |
| چاول......1222 بستہ |
| مکا......5130 بستہ |
| چینی......6666 بستہ |
| گوشت......2099 ڈبہ |
| دال......8011 بستہ |
| ساگ سبزی......8999 ٹوکری |

جلد سے جلد بندر، گدھے، ہاتھی، گھوڑے اور دوسرے جانور جہاز کے قریب گیے ۔ بندر نے سوچا کس جہاز میں سامان زیادہ ہے کیسے معلوم کروں گا؟ پہلے جہاز میں 1234 بستہ چاول اور دوسرے جہاز میں 1222 بستہ چاول تھا۔

- 1234 اور 1212 میں سے کون زیادہ یا کون سا بڑا ہے؟

1234 اور 1222 دونوں عددوں کے ہندسوں کے ہزار کی جگہ 1 موجود ہے۔
اور دونوں عدد کے سیکڑہ کی تعداد بھی برابر ہے۔
1234 کی دہائی کے مقام پر 3 اور 1212 کے دہائی کے مقام پر 2 ہے۔
دہائی کی جگہ میں، 2 سے بڑا ہے اس لیے 1234 زیادہ ہے 1212 سے۔
اس لیے پہلے جہاز کے چاول کو بڑے گودام گھر میں رکھنا ہوگا۔

| 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|
| ↕ | ↕ | ↕ | |
| 1 | 2 | 1 | 2 |

☜ بندر نے کس سامان کو کس گودام میں بھیجا ہوگا، سوچ کر لکھیے۔

| بڑے گودام میں بھیجا گیا سامان | چھوٹے گودام میں بھیجا گیا سامان |
|---|---|
| پہلے جہاز کا چاول | دوسرے جہاز کا چاول |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

جس فہرست کا انتخاب آپ نے کیا وہ صحیح ہے؟
آیئے نیچے کے دو عددوں کے اندر بڑا اور چھوٹا عدد چنیں۔
- دونوں عددوں کے مقام کا ہندسہ برابر ہو تو:
جو عدد زیادہ ہندسے والا ہوگا وہی عدد بڑا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 5231 | ⟵ | چار ہندسوں والا |
| 987 | ⟵ | تین ہندسوں والا |

5321 عدد چار ہندسوں والا اور 987 تین ہندسوں والا عدد ہے۔
اس لیے 5321 بڑا ہے۔ اسکو 5321>987 کی طرح لکھا جایے۔

☜ جواب لکھیے :
(i) 758 اور 6430 کے درمیان بڑا عدد کون ہے۔
(ii) 987 اور 1000 کے درمیان چھوٹا عدد کون ہے۔
(iii) تین ہندسوں والے بڑے عدد اور چار ہندسوں والے چھوٹے عدد میں سے بڑا کون ہے؟

● دونوں عددوں کے ہندسوں کی تعداد برابر ہو تو:

دونوں عددوں کے مقامی ہندسوں کو بائیں طرف سے شمار کیجیے۔ دونوں عددوں کے بائیں طرف والے مقامی ہندسے برابر ہوں تو دائیں طرف کے ہندسوں کو شمار کرتے جائیں۔ آخر میں اکائی والے ہندسوں کے مقامی عدد کو شمار کریں۔

1234 > 1232

یا

1232 < 1234

| 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|
| ↕ | ↕ | ↕ | ↕ |
| 1 | 2 | 3 | 2 |

دونوں عددوں کے بائیں طرف سے شمار ہندسوں کو شمار کر کے اکائی والے ہندسوں کی طرف سے شمار کرنا شروع کر کے دیکھیں گے کہ دونوں عددوں میں سے بڑا اور چھوٹا چننے کا کام زیادہ وقت لیتا ہے۔ کو د جانچ کر کے دیکھیے:

آیئے >، <، = کا نشان استعمال کر کے دیکھیں:

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2000 | ☐ | 1000 | 5000 | ☐ | 3000 | 8000 | ☐ | 2000 |
| 3325 | ☐ | 2578 | 7632 | ☐ | 8632 | 8976 | ☐ | 7923 |
| 5555 | ☐ | 4449 | 3278 | ☐ | 2999 | 5656 | ☐ | 6565 |

## مشق

1۔ خالی جگہوں میں مناسب (<,>) نشان لگایئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | 8226 | ☐ | 8225 |
| (ii) | 7332 | ☐ | 7333 |
| (iii) | 5555 | ☐ | 7555 |
| (iv) | 5259 | ☐ | 6232 |
| (v) | 2990 | ☐ | 3279 |
| (vi) | 5272 | ☐ | 5279 |

2۔ نشان کے مطابق خالی جگہوں میں مناسب عدد لکھیے۔

(i) □ > 928

(ii) □ > 999

(iii) □ < 7232


(iv) 2935 < □

(v) 6379 > □

(vi) □ < 3577

(vii) □ < 8762

3۔


Rs.8999.00


Rs.9990.00


Rs.4350.00


Rs.8990.00

اوپر کے نقشوں کو دیکھ کر کون زیادہ قیمت والے ہیں خالی گھر میں لکھیے:

(i) ٹی وی اور فریج کے درمیان................کی قیمت زیادہ ہے۔

(ii) ٹی وی اور الماری کے درمیان................کی قیمت زیادہ ہے۔

(iii) الماری اور فریج کے درمیان................کی قیمت زیادہ ہے۔

اسی طرح دونوں چیزوں کے درمیان جتنے قسم کا شمار ہو سکے آپ اپنے جملے لکھیے۔

4۔ نیچے کے قطار میں لکھے گیے عددوں کے درمیان سب سے بڑے عدد کے چاروں طرف ○ گھمائیے اور سب سے چھوٹے عدد کے چاروں طرف □ بنائیے۔

(i) 8789, 5643, 8598, 9008


(ii) 1234, 5890, 6085, 8560

(iii) 9000, 8534, 7321, 5379

(iv) 5387, 7349, 3875, 7439

(v) 1221, 2211, 2121, 1222

5



ہر خانے کی تیلیوں کو دیکھ کر خالی خانے میں (< یا >) کا نشان لگائیے۔

(i)۔ پہلے خانے کی تیلیوں کی تعداد ........................ دوسرے خانے کی تیلیوں کی تعداد۔

(ii)۔ دوسرے خانے کی تیلیوں کی تعداد ........................ چوتھے خانے کی تیلیوں کی تعداد۔

(iii)۔ پانچویں خانے کی تیلیوں کی تعداد ........................ دوسرے خانے کی تیلیوں کی تعداد۔

(iv)۔ تیسرے خانے کی تیلیوں کی تعداد ........................ چوتھے خانے کی تیلیوں کی تعداد۔

6۔ 5,4,0,9 کے درمیان ہر ہندسوں کو صرف ایک بار استعمال کر کے جتنا ہو سکے چار ہندسوں والا عدد لکھیے اس میں موجود سب سے بڑا اور سب سے چھوٹا عدد لکھیے۔

سب سے بڑا عدد= ........................ سب سے چھوٹا عدد= ........................

آیئے عددوں کو سجائیں:





دونوں ریل گاڑی کے نقشوں سے کیا معلوم ہوا؟

3900 + 1 = 3901
3901 + 1 = 3902
3902 + 1 = 3903
3903 + 1 = 3904
3904 + 1 = 3905
3905 + 1 = 3906

1001+1 = 1002
1002+1 = 1003
1003+1 = 1004
1003+1 = 1005
1005+1 = 1006
1006+1 = 1007

اس کو بھی ذیل کے انداز سے لکھ سکتے ہیں؟

1007 - 1 = 1006
1006 - 1 = 1005
1005 - 1 = ?

3906+1 = 3907
3907-1 = 3906
3906-1 = 3905

اسی طرح خود 3905 سے 1 کر کے تفریق کرتے جائیے۔ دونوں ریل گاڑی کو غور سے دیکھیے۔ انجن سے لگے ڈبوں میں لکھے ہوئے اعداد بڑھتے گیے ہیں۔ ریل گاڑی کے آخری ڈبے سے انجن تک لکھے ہوئے اعداد کم ہوتے گیے ہیں۔

یاد رکھیے: کسی بھی عدد میں ایک جوڑنے سے اسکے بعد کا عدد معلوم ہوگا۔ نیچے دیے گیے عددوں کو جدول کے صحیح خانے میں ترتیب سے لکھیے۔

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1212 | 3314 | 2011 | 5471 | 4890 | 6705 | 7538 | 8659 | 9230 |
| 2561 | 7323 | 5426 | 6000 | 6002 | 4999 | 2050 | 7322 | 1110 |
| 8232 | 7576 | 3696 | 3999 | 4000 | 3001 | 6457 | 2998 | 2899 |

| 8001-9999 | 6001-8000 | 5001-6000 | 4001-5000 | 3001-4000 | 2001-3000 | 1000-2000 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

فہرست کے ہر خانے کے عددوں کو چھوٹے سے بڑا ترتیب وار لکھیے۔

- بائیں سے دائیں کی جانب عددوں کی بڑھتی ہوئی ترتیب سے سجاؤ:

| اعداد | ترتیب سے سجا کر لکھیے |
|---|---|
| 2000,2002.2001 | |
| 3572,3573,3575 | |
| 7879,7880,7878 | |
| 5702,5701,5703 | |
| 8776,8775,8777 | |
| 9997,9998,9999 | |

ہر قطار میں اپنے لکھیے ہوئے عددوں کے درمیانی عدد پر دائرہ کھینچیے:

ترتیب وار عددوں کے درمیان رہنے کی وجہ سے اس کو درمیانی عدد کہا جاتا ہے۔

## مشق

1۔ (i) ہر عدد میں 1000 بڑھا کر دائیں سے بائیں خالی جگہوں کو بھریئے:

1357، ______، ______، ______، ______، ______،

2576، ______، ______، ______، ______، ______،

3849، ______، ______، ______، ______، ______،

2790، ______، ______، ______، ______، ______،

(ii) ہر عدد میں 1000 بڑھا کر دائیں سے بائیں خالی جگہوں کو بھریئے:

1759، ______، ______، ______، ______، ______،

2371، ______، ______، ______، ______، ______،

3890، ______، ______، ______، ______، ______،

4900، ______، ______، ______، ______، ______،

(iii) ہر عدد میں 1000 بڑھا کر دائیں سے بائیں خالی جگہوں کو بھریئے:

1855، ______، ______، ______، ______، ______،

2302، ______، ______، ______، ______، ______،

3914، ______، ______، ______، ______، ______،

4052، ______، ______، ______، ______، ______،

2۔ (i) ہر عدد میں 1000 کم کر کے لکھیے:

جیسے: 322، 1322، 2322، 3322، 4322، 5322

6800، ______، ______، ______، ______، ______

6222، ______، ______، ______، ______، ______

5666، ______، ______، ______، ______، ______

9999، ______، ______، ______، ______، ______

(ii) ہر عدد میں 100 کم کر کے لکھیے:

8777، ______، ______، ______، ______، ______

7555، ______، ______، ______، ______، ______

6321، ______، ______، ______، ______، ______

5353، ______، ______، ______، ______، ______

6200، ______، ______، ______، ______، ______

3۔ درج عدد کے بعد والا عدد لکھیے:

499، ______    749، ______    989 ______

550، ______    666، ______    872 ______

300، ______    876، ______    493 ______

4۔ درج عدد کے پہلے والا عدد لکھیے:

______، 482    ______، 390    ______، 601

______، 400    ______، 544    ______، 222

______، 650    ______، 999    ______، 877

5۔ درج دو عددوں کا درمیانی عدد (یا اعداد) لکھیے۔

892 ------------- 890,

791 ،------------- 789,

801 ،------------- 799,

669 ،------------- ،------------- 666,

941 ،------------- ،------------- 938,

474 ،------------- ،------------- 471,

6۔ ذیل میں لکھے ہوئے سنوں کو بائیں سے دائیں بڑے۔۔۔۔ہوئی ترتیب میں لکھیے۔

2010, 1444, 2007, 2009, 1795, 1999, 1815

............ ............ ............ ............ ............ ............ ............

7۔ ایک خاندان میں سال کے آخری 6 مہینوں میں خرچ ہوئی رقم ذیل میں دی گئی ہے۔کم خرچ سے زیادہ خرچ ہونے والی مہینوں کو ترتیب وار سجا کر لکھیے۔

جولائی: 3555 روپے، اگست: 6992 روپے، ستمبر: 5000 روپے،

اکتوبر: 7447 روپے، نومبر: 5775 روپے، دسمبر: 4999 روپے،

8۔ ذیل کے ہر قطار میں دیے ہوئے عددوں کو بائیں سے دائیں کی جانب بڑھتی ہوئی ترتیب میں سجا کر خانے کے اندر لکھیے۔

(i) 2576, 2567, 2675, 2657, 5267, 5627, 7625

(ii) 8509, 5089, 9850, 8059, 5890, 9508

(iii) 1436, 1364, 1343, 1890, 1769, 1078

(iv) 7279, 7972, 8000, 7978, 7297, 2779

9۔ ہر قطار کے عددوں کو گھٹتی ہوئی ترتیب سے سجا کر ذیل کے خانے میں لکھیے۔

(i) 3000, 2996, 2969, 2699, 3009, 3900

(ii) 4900, 4090, 4009, 9400, 9040, 9004

(iii) 6789, 6798, 7689, 7698, 8976, 8769

(iv) 5432, 5423, 5324, 5342, 5234, 5243

10۔ کہہ سکتے ہو میں کون ہوں؟

(i) میں 1530 اور 1528 کا درمیانی عدد ہوں ........................

(ii) میں تین ہندسوں سے بنا ہوں۔ میرے ساتھ 1 جوڑنے پر میں چار ہندسوں والا عدد بن جاتا ہوں......

(iii) میں چار ہندسوں سے بنا چھوٹا عدد ہوں اور میرے سارے ہندسے برابر ہیں..................

(iv) میرے ساتھ 1 جڑے تو 8901 سے قبل کا عدد ملے گا ..................

(v) میں 9999 سے پہلے کا اور 9997 کے بعد کا عدد ہوں..................

11۔ ذیل کے خانوں کے اندر جو اعداد ترتیب وار ہیں ان کو چن کر الگ قطار میں لکھیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1880 | 1901 | 1898 | 1905 | 1895 | 1890 |
| 1879 | 1889 | 1893 | 1900 | 1878 | 1908 |
| 1888 | 1881 | 1894 | 1906 | 1899 | 1907 |